**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XII EXAMINATION**

**MAY 2014**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ مکہ مکرمہ میں جو آیات نازل ہوئیں ان کے مضامین میں زیادہ تر شامل ہیں

A۔ توریت اور انجیل کے واقعات

B۔ اصول اور کلیاتِ دین

C۔ کلیاتِ دین اور سابقہ کتابوں کی تعلیمات

D۔ اصولوں اور صحیفوں کا بیان

2۔ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۝

درج بالا آیت کے مطابق ہمیں قرآنِ مجید کی تلاوت کو خاموشی سے سننے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ

A۔ ہمیں قرآن کی آیات یاد ہو جائیں۔

B۔ ہم پر رحم کیا جائے۔

C۔ ہم قرآن کی تعلیمات دوسروں تک پہنچا سکیں۔

D۔ ہم قرآن مجید کو عزّت واحترام سے رکھ سکیں۔

3۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۝

اس آیت کے مطابق ہم اُس وقت تک نیکی میں کمال حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ

A۔ عالمِ دین نہ بن جائیں۔

B۔ حج کے مناسک ادا نہ کر لیں۔

C۔ نمازیں ادا نہ کریں۔

D۔ راہِ خدا میں اپنی محبوب چیزوں کو خرچ نہ کریں۔

4۔ درج ذیل صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم میں سے کن کو آنحضرت صلّی اللہ علیہِ وآلہِ وسلّم نے معلمِ قرآن بنا کر دور دراز علاقوں میں بھیجا؟

A۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ اور حضرت مخرمہ بن نوفلؓ

B۔ حضرت عبد اللہ بن اُمِّ مکتومؓ اور حضرت مصعب بن عمیرؓ

C۔ حضرت مخرمہ بن نوفلؓ اور حضرت عبد اللہ بن اُمِّ مکتومؓ

D۔ حضرت ابو ایّوب انصاریؓ اور حضرت مخرمہ بن نوفلؓ

5- وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔

(سورہ آلِ عمران آیت نمبر 103)

درج بالا آیت میں انسانوں کو کون سی تعلیم دی جا رہی ہے؟

A- ایک دوسرے کی مدد کرنے کی

B- ایک دوسرے کو تعلیم دینے کی

C- فرقہ واریت سے بچنے کی

D- ایک دوسرے کے خیالات کو سمجھنے کی

6- مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا سَلَكَ اللّٰهُ بِهِ طَرِيْقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ۔

درج بالا حدیث کے مطابق وہ کون سا عمل ہے جو انسان کو حصولِ جنت کے راستے پر لے جا سکتا ہے؟

A- حلال روزگار حاصل کرنا

B- عزت و شرافت حاصل کرنا

C- دیانت داری سے اپنا کام کرنا

D- علم کی تلاش میں سفر کرنا

7- 'جامع الترمذی' درج ذیل مؤلفین میں سے کس کی تالیف ہے؟

A- امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ

B- امام مسلم بن حجاج بن مسلم قشیری رحمۃ اللہ علیہ

C- امام ابو عیسیٰ محمد ابنِ عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ

D- امام ابو داؤد سلیمان محمد بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ

8- كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ۔

درج بالا حدیث میں لفظ 'عِرْضُه' کے کیا معنی ہیں؟

A- اُس کا مال

B- اُس کا خون

C- اُس کی دولت

D اُس کی عزّت

9۔ لَا یُؤمِنُ اَحَدُکُمۡ حَتّٰی یُحِبُّ لِاَخِیۡہِ مَا یُحِبُّ لِنَفۡسِہٖ۔

درج بالا حدیث میں کس بھائی کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے؟

A۔ سگا بھائی

B۔ چچازاد بھائی

C۔ مسلمان بھائی

D۔ منہ بولا بھائی

10۔ لَا الشَّمۡسُ یَنۡۢبَغِیۡ لَہَاۤ اَنۡ تُدۡرِکَ الۡقَمَرَ وَ لَا الَّیۡلُ سَابِقُ النَّہَارِ ؕ وَ کُلٌّ فِیۡ فَلَکٍ یَّسۡبَحُوۡنَ۔

(سورۂ یٰسین آیت نمبر 40)

درج بالا آیت سے کس عقیدے کی نشان دہی ہوتی ہے؟

A۔ عقیدۂ توحید

B۔ عقیدۂ رسالت

C۔ عقیدۂ آخرت

D۔ عقیدۂ ختمِ نبوت

11۔ فرشتوں کے ذمے اللہ تعالیٰ نے مختلف کام دیے ہیں۔ درج ذیل میں سے کون سا کام حضرت میکائیل علیہ السّلام کے ذمے ہے؟

A۔ وحی لانا

B۔ روح قبض کرنا

C۔ بارشوں اور ہواؤں کو چلانا

D۔ صور پھونکنا

12۔ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے رسولوں پر ایمان لانے کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے ایمان لایا جائے

A۔ ان پر نازل ہونے والی کتابوں پر۔

B۔ ان کے اقوال پر۔

C۔ رسولوں کی ہدایات پر۔

D۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر۔

13۔ قربِ خداوندی کا سب سے موئثر وسیلہ کون سی عبادت ہے؟

A۔ حج

B۔ نماز

C۔ وظیفہ

D۔ روزے

14۔ درج ذیل میں سے کس عمل کا اصل مقصد ایک مسلمان کی خواہشاتِ نفسانی پر قابو پا کر اُسے متّقی بنانا ہے؟

A۔ روزے رکھنا

B۔ حج ادا کرنا

C۔ نماز کی پابندی کرنا

D۔ جہاد کے لیے تیار رہنا

15۔ درج ذیل میں سے کون سا مصارفِ زکوٰۃ میں شامل **نہیں** ہے؟

A۔ ان تنگ دست لوگوں کی اعانت جن کے پاس کچھ نہ ہو

B۔ غریبوں کے لیے حج کے تمام لوازمات کا خرچ

C۔ زکوٰۃ کی وصولی پر متعین عملے کی تنخواہیں

D۔ ایسے لوگوں کے قرضوں کی ادائیگی جو نادار ہوں

16۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہِ وآلہِ وسلّم کے ایک ارشاد کا مفہوم ہے کہ ہم ہمارے ماتحت لوگوں کو بھی وہی کھلائیں اور پہنائیں جو ہم اپنے لیے پسند کرتے ہیں۔

درج بالا ارشادِ نبوی (صلّی اللہ علیہِ وآلہِ وسلّم) کے مطابق آنحضرت صلّی اللہ علیہِ وآلہِ وسلّم کی رحمت کن لوگوں کے لیے ظاہر ہو رہی ہے؟

A۔ طالبِ علموں کے لیے

B۔ والدین کے لیے

C۔ نوکروں کے لیے

D۔ بے روزگاروں کے لیے

17۔ شرک جیسے گناہ سے بچتے ہوئے، ذات وصفات کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کو 'یکتا' جاننا اصطلاحاً کیا کہلاتا ہے؟

A۔ رحمانیت

B۔ ابدیت

C۔ وحدانیت

D۔ ربوبیت

18۔ درج ذیل تمام تعمیرات مسلم فنِ تعمیر کی مثالیں ہیں سوائے

A۔ تاج محل کے

B۔ مجسمۂ آزادی کے

C۔ لال قلعہ کے

D۔ بادشاہی مسجد کے

19۔ مصوّرانہ خطّاطی میں جن عبارات کو خوب صورتی سے لکھا جاتا ہے وہ عموماً

A۔ شاعرانہ کلام ہوتا ہے۔

B۔ قرآنی آیات ہوتی ہیں۔

C۔ محاورے ہوتے ہیں۔

D۔ اقوالِ زریں ہوتے ہیں۔

20۔ اسلامی فنِ تعمیر کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اِن میں مدِّ نظر رکھا جاتا ہے

A۔ دور دراز علاقوں کے ماحول کو۔

B۔ دوسری تاریخی عمارتوں کو۔

C۔ رنگوں کی آمیزش کو۔

D۔ اسلامی اقدار کو۔

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work